ZIL LIMITED

نوٹس برائے ۵۹ واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ZIL Limited کا ۵۹ واں سالانہ اجلاس عام بتاریخ ۲۹ اپریل ۲۰۱۹ء بروز پیر کو رائل روڈیل، پلاٹ نمبر TC-V، ۳۴ اسٹریٹ، خیابانِ سحر، فیز V (توسیع)، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان میں صبح ٹھیک ۰۹:۴۵ بجے منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس میں درج ذیل امور انجام دیئے جائیں گے۔

عمومی امور:

(۱) ۲۶ اپریل ۲۰۱۸ء کو ہونے والے سالانہ اجلاس عام کے روداد کی تصدیق اور منظوری۔

(۲) ۳۱ دسمبر ۲۰۱۸ء کو ختم شدہ مالیاتی سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات اور اس کے حوالے سے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری۔

(۳) مالیاتی سال ۲۰۱۸ء کے حوالے سے ڈائریکٹرز کی تجویز کردہ پندرہ فی صد حتمی ڈیویڈنڈ کی منظوری۔

(۴) آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔

بحکم بورڈ

عطاءالرحمٰن شیخ

کمپنی سیکریٹری

۲۷ مارچ ۲۰۱۹ء

نوٹس:

(۱) کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتابیں ۲۳ اپریل ۲۰۱۹ء سے ۲۹ اپریل ۲۰۱۹ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

(۲) ایسے تمام ممبران جو میٹنگ میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں اپنی جگہ کسی اور فرد کو اپنے نمائندے کے طور پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے مقرر کرسکتے ہیں۔ نمائندگی (Proxy) کے موثر ہونے کے لئے لازمی ہے کہ پراکسیز فارم اجلاس سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہوجائیں۔

(۳) حصص یافتگان پتہ میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، پہلی منزل، ۴۰۔ سی، بلاک ۶، پی ای سی ایچ ایس، کراچی کو آگاہ کریں۔

(۴) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، 2000 میں دی گئی اضافی رہنمائی پر بھی عمل کریں۔